جماعت اسلامی کا لٹریچر اس کے جسم کی روح، اس کے کارواں کی مشعل اور اس کے خزانہ کا سرمایہ ہے۔ اس نے مردہ دلوں کو زندگی دی۔ پست ہمتوں کو بلند عزائم دیئے اور شکست خوردہ ذہنیتوں کو ایک نہ تھکنے والا ولولہ دیا ہے۔

ہماری ملی زندگی کے ہر گوشے میں صالح خون کی طرح پھیل پھیل کر یہ دیرینہ بیماریوں کا علاج کر رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ لٹریچر تمام تر قرآن اور سنت رسول سے اخذ کردہ ہے

مفید معلومات برائے پبلشرز

اعلیٰ و معیاری لیتھو طباعت کے لئے	کوہ نور پرنٹنگ پریس لال کنواں دہلی
مناسب داموں پر ہر قسم کے کاغذ کے لئے	شمت پرشاد انیل کمار ۹۸۵ چھیپی واڑہ خرد چاوڑی بازار دہلی
معمولی اور اعلیٰ ہر قسم کی جلد سازی کے لئے	انصاری بک بائنڈنگ ہاؤس ۱۴۲۵ چھتہ نواب۔ فراش خانہ دہلی
ہر قسم کے ڈیزائن بنوانے کے لئے قابل اعتماد ڈیزائنر	آرٹ سرکل ۱۷۰۲ مدرسہ میر جملہ لال کنواں دہلی
بمناسب اُجرت پر بلاک پرنٹنگ کے لئے	دہلی آرٹ پریس، کٹرہ بڑیاں دہلی
"	کلر پرنٹنگ پریس چتلی قبر دہلی
"	مرکزی پریس گلی قاسم جان دہلی

ہوا ہے گو تند و تیز لیکن چراغ اپنا جلا رہا ہے ٭ وہ مرد درویش جس کو حق نے دیئے ہیں انداز خسروانہ

ٹرین کے مسافر

"خوش آں راہی کہ سامانے نگیرد"

• بغیر ٹکٹ سفر کرنا جرم ہے۔
• ۸۰۰ کیلومیٹر سے زیادہ مسافت کے لئے صرف ۲۵ نئے پیسے میں سونے کے لئے برتھ ریزرو ہوجاتا ہے۔ کم مسافت کے مسافروں کو تین روپے ۵۰ نئے پیسے ادا کرنے پڑتے ہیں۔
• فرسٹ کلاس میں ۴۰، سکنڈ کلاس میں ۳۰ اور تھرڈ کلاس میں ۲۵ کیلوگرام وزن کے سامان مفت لے جاسکتے ہیں۔ بستر، چھڑیاں چھتریاں اور کھانے پینے کے ضروری سامان اس سے مستثنیٰ ہیں۔
• کلاک روم میں سامان ایک ماہ تک رکھا جاسکتا ہے۔ ہر گٹھری پر پہلے ۲۴ گھنٹوں کے لئے ۱۲ نئے پیسے اور اس کے بعد ہر ۲۴ گھنٹوں پر ۶ نئے پیسے ادا کرنے پڑتے ہیں۔ بمبئی وکٹوریہ ٹرمینس کے کلاک روم میں صرف ایک ہفتہ تک سامان رکھا جاتا ہے۔
• ۳۲۰ کیلومیٹر کے مسافر ہر ۱۶۰ کیلومیٹر پر ایک دن رُک سکتے ہیں۔ لیکن ۴۰۰ کیلومیٹر طے کرنے کے بعد اس رعایت سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے
• اگر بھیڑ کی وجہ سے ٹکٹ خریدنے کے بعد ٹرین میں جگہ نہ ملے تو تین گھنٹے کے اندر ٹکٹ کے پورے دام مل جاتے ہیں۔ اور اگر ٹرین چھوٹ گئی تو ۱۲ نئے پیسے وضع کر کے دام واپس کردیا جاتا ہے۔
• ہر ٹرین کے گارڈ کے پاس فرسٹ ایڈ کا بکس رہتا ہے چوٹ وغیرہ لگ جانے پر اس سے فائدہ اٹھانا چاہئے۔
• پلیٹ فارم ٹکٹ دس نئے پیسے میں ملتا ہے
• کھانے پینے کے سامان مقررہ قیمتوں پر فروخت کئے جاتے ہیں۔
• قلی کی اُجرت کبھی مقرر ہے اسٹیشن اسٹاف سے معلوم کیجئے۔

※ ※ ※ ※
※ ※

دعوتِ اسلامی

(تین نکات)

ہم بندگانِ خدا کو بالعموم اور جو پہلے سے مسلمان ہیں ان کو بالخصوص اللہ کی بندگی کی دعوت دیتے ہیں۔

جو شخص بھی اسلام قبول کرنے یا اس کو ماننے کا دعویٰ یا اظہار کرے اس کو ہم دعوت دیتے ہیں کہ وہ اپنی زندگی سے منافقت اور تناقض کو خارج کرے اور جب وہ مسلمان ہے یا بنا ہے تو مخلص مسلمان بنے اور اسلام کے رنگ میں رنگ کر یک رنگ ہو جائے۔

زندگی کا نظام جو آج باطل پرستوں اور فساق و فجار کی رہنمائی اور قیادت میں چل رہا ہے اور معاملاتِ دنیا کی زمام کار جو خدا کے باغیوں کے ہاتھ میں آگئی ہے ہم دعوت دیتے ہیں کہ اسے بدلا جائے اور رہنمائی و امامت نظری اور عملی دونوں حیثیتوں سے مومنینِ صالحین کے ہاتھ میں منتقل ہو۔

جماعتی زندگی

صحیح اسلامی زندگی جماعت کے بغیر ممکن ہی نہیں۔ زندگی کے صحیح اسلامی ہونے کے لئے سب سے مقدم چیز اسلام کے نصب العین یعنی اقامتِ دینِ حق سے وابستگی ہے۔ پھر اسی وابستگی کا تقاضا ہے کہ آدمی اس نصب العین کے لئے جدوجہد کرے اور جدوجہد اجتماعی طاقت کے بغیر ممکن نہیں لہذا جماعت کے بغیر زندگی کو صحیح اسلامی زندگی سمجھنا غلط ہے۔

جماعت کے بغیر اسلام نہیں اور امارت کے بغیر جماعت نہیں اور اطاعت کے بغیر امارت نہیں
(حضرت عمر رضی)

جو شخص اپنے مال اور آبرو کی حفاظت کرتا ہوا قتل ہوا وہ شہید ہے (حدیث)

اصل کام

ایک آدمی اگر ایک امرِ حق کو سمجھ گیا تو اس کا فرض ہے کہ اس حق کے لئے ہر طرح کی زحمتیں اٹھائے اور ساری صعوبتیں جھیلے۔ جو شخص حق کو پامال ہوتے دیکھتا ہے اور اس کے لئے اس کے دل میں حمیت نہیں پیدا ہوتی ہے وہ ... دو حالتوں سے خالی نہیں۔ یا تو اس پر حق کی اصلی قدر و قیمت واضح نہیں ہوئی ہے اور یہ علم و معرفت کی خامی ہے یا اس کے اندر باطل کا رعب بیٹھا ہوا ہے اور یہ دل کا فساد ہے۔ ایک عاقل اور سلیم الطبع انسان سے سب سے پہلے جس بات کی توقع ہونی چاہئے وہ یہی ہے کہ وہ کبھی کسی حق کو مظلوم اور پامال دیکھنے پر راضی نہ ہو۔ جو شخص حق کی مظلومیت پر راضی ہی وہ انسانیت کے جوہر سے خالی ہے۔ اور جو شخص انسانیت کے جوہر سے خالی ہے افسوس ہے اگر وہ پیدا ہوا۔ اور اس سے بڑھ کر افسوس اس بات کا ہے کہ وہ زندہ ہے۔ (دعوت اسلامی)۔

> خدا اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ، اور خدا کی راہ میں اپنے مال اور جان سے جہاد کرو، اگر سمجھو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہے۔
> (الصف)

مشکلیں امتِ مرحوم کی آساں کر دے — مورِ بے مایہ کو ہمدوشِ سلیماں کر دے
جنسِ نایاب محبت کو پھر ارزاں کر دے — یعنی ہم دیر نشینوں کو مسلماں کر دے

جوئے خوں می چکد از حسرتِ دیرینۂ ما
می تپد نالہ بہ نشتر کدۂ سینۂ ما (اقبال)

کوئی کارواں سے ٹوٹا کوئی بدگماں حرم سے — کہ امیرِ کارواں میں نہیں خوئے دلنوازی (اقبال)

بخدا انم معروف کا حکم ضرور ہی کرتے رہنا اور منکر سے ضرور روکتے رہنا (حدیث)

امتِ مسلمہ اور اس کا مقصدِ وجود

(قرآن کی روشنی میں)

- تم ایک بہترین امت ہو جو سب انسانوں کے لئے وجود میں لائی گئی ہے (آل عمران)
- تم بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو، اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ (آل عمران)
- اور اسی طرح ہم نے (اے مسلمانو!) تمہیں ایک معتدل امت بنایا ہے، تاکہ تم (دوسرے تمام انسانوں کے لئے) گواہ بنو۔ (بقرہ)

(مسلمانو!) اللہ نے تمہارے لئے وہی دین مقرر کیا ہے جس کا حکم اس نے نوح ؑ کو دیا تھا اور جس کی (اے نبی صلعم) ہم نے تم پر وحی کی ہے، اور جس کا حکم ہم نے ابراہیم ؑ کو موسیٰ ؑ کو اور عیسیٰ ؑ کو دیا تھا کہ اس دین کو قائم کرو۔ (شوریٰ)

یہ شریعت ان بہادر شیروں کے لئے اتری ہے جو ہوا کا رخ بدل دینے کا عزم رکھتے ہوں۔ جو دریا کی روانی سے لڑنے اور اس کے بہاؤ کے رخ کو پھیر دینے کی ہمت رکھتے ہوں۔ جو صبغۃ اللہ کو دنیا کے ہر رنگ سے زیادہ محبوب رکھتے ہوں اور اسی رنگ میں تمام دنیا کو رنگ دینے کا حوصلہ رکھتے ہوں۔ (تنقیحات)

خود آگاہی نے سکھلا دی ہے جس کو تن فراموشی
حرام آئی ہے اس مردِ مجاہد پر زرہ پوشی

بجھی عشق کی آگ اندھیر ہے ؛ مسلماں نہیں آگ کا ڈھیر ہے (اقبال)

بے شک اللہ نے مومن کی جان اور مال کو جنّت کے عوض خرید لیا ہے (قرآن کریم)

تحریک کی قوت

قوت ڈھل جانے کا نام نہیں ڈھال دینے کا نام ہے۔ مڑ جانے کو قوت نہیں کہتے ہیں موڑ دینے کو کہتے ہیں۔ دنیا میں کبھی نامردوں اور بزدلوں نے کوئی انقلاب پیدا نہیں کیا ہے جو لوگ اپنا کوئی اصول، کوئی مقصدِ حیات، کوئی نصب العین نہ رکھتے ہوں۔ جو بلند مقصد کے لئے قربانی دینے کا حوصلہ نہ رکھتے ہوں۔ جو خطرات ومشکلات کے مقابلہ کی ہمت نہ رکھتے ہوں۔ جن کو دنیا میں محض آسائش اور سہولت ہی مطلوب ہو۔ جو ہر سانچے میں ڈھل جانے اور ہر دباؤ سے دب جانے والے ہوں۔ ایسے لوگوں کا کوئی قابلِ ذکر کارنامہ انسانی تاریخ میں نہیں پایا جاتا۔ (تنقیحات)

تقدیر کے قاضی کا یہ فتویٰ ہے ازل سے ہے جرمِ ضعیفی کی سزا مرگِ مفاجات (اقبال)

اللہ کی رحمت سے نا امید مت ہو (قرآن کریم)

شہادتِ گہہ الفت

• اس راہ میں جب ہم نے قدم اٹھایا ہے تو بہر حال یہ کام تو ہمیں کرنا ہی ہے۔ آج حالات ناسازگار ہیں تو ہوا کریں۔ دنیا میں کب حق کا خیر مقدم کیا گیا ہے۔ کب ایسا ہوا ہے کہ اہل حق چلے ہوں اور چوب داروں نے ان کے آگے "ہٹو بچو" کی صدائیں بلند کی ہوں۔ حق کی راہ میں طائف اور غارِ ثور، خندق اور احزاب کا ہونا ضروری ہے۔ حق کی خاطر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے راستے میں کانٹے بچھائے گئے۔ دندانِ مبارک شہید کئے گئے۔ سر پر اوجھ ڈالی گئی۔ ہر طرح کی اذیت پہونچائی گئی۔ بد قسمت ہیں ہمارے وجود اگر ہماری ایک ہڈی بھی نہ ٹوٹے۔ (دعوت اسلامی)

• آج اسلام ہر جگہ بے دخل ہے اور اسلام کے مطابق سانس لینا دشوار ہے۔ اب دنیا کی ہدایت اور دینِ خدا کو قائم کرنے کا کام کس کے ذمہ ہے؟ یقیناً یہ آپ کا فریضہ ہے۔ اُٹھیے! اللہ کا دین پھیلایئے اور اپنی پوری زندگی اور فعل و عمل سے دنیا کے اندر حق کی شہادت پیش کیجئے۔ (روداد رام پور)

منافق کی علامتیں

(۱) جب بات کرے جھوٹ بولے۔
(۲) جب وعدہ کرے خلاف ورزی کرے۔
(۳) جب عہد کرے دھوکا دے
(۴) جب جھگڑا کرے راہِ حق سے ہٹ جائے۔

(یہ شہادت گہہِ الفت میں قدم رکھنا ہے :: لوگ آسان سمجھتے ہیں مسلماں ہونا)

ابتلاء و آزمائش

تحریکِ اسلامی کا راستہ کانٹوں سے بھرپور اور مصائب سے معمور ہے۔ چنانچہ جس کی یہ راہ ہے اس نے خود اپنے کلام میں فرمایا ہے :۔

• کیا لوگوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ بس اتنا کہہ دینے پر کہ "ہم ایمان لائے ہیں" چھوڑ دیئے جائیں گے۔ اور انہیں آزمائش کی بھٹی میں تپایا نہ جائے گا۔ حالانکہ ان سے پہلے جو گذر چکے ہیں (یعنی جنہوں نے بھی ایمان لانے کا دعویٰ کیا ہے) وہ ضرور تپائے گئے ہیں۔ ضرور ہے کہ اللہ دیکھے کہ سچے کون ہیں اور جھوٹے کون ؟۔۔ (عنکبوت)

• کیا تم نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ تم سستے چھوڑ دیئے جاؤ گے۔ حالانکہ ابھی اللہ نے یہ تو دیکھا ہی نہیں کہ تم میں سے کون ایسے ہیں جنہوں نے سعی و جہد کا حق ادا کیا اور اللہ اور رسول اور اہلِ ایمان کے سوا کسی سے قلبی تعلّق نہ رکھا۔ (التوبہ)

دلوں کو مرکزِ مہر و وفا کر	حریم کبریا سے آشنا کر
جسے نانِ جویں بخشی ہے تم نے	اسے بازوئے حیدر بھی عطا کر

بیشک میری نماز میری قربانی میری حیات اور میری موت اللہ رب العلمین کے لئے ہے (قرآن کریم)

کامیابی ہی کامیابی

- زمانۂ دراز کے بعد پھر ایک قافلۂ حق مرتب ہوا ہے اور اپنی منزل کی طرف چل پڑا ہے۔ اللہ کے کچھ بندے اقامتِ دین کے لئے سر دھڑ کی بازی لگا کر اٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ اور انہوں نے اپنے رب سے عہد کر لیا ہے کہ وہ سب سے پہلے اپنے ملک میں کفر کے قدم جمنے نہ دیں گے ——— اگر نیتوں میں خلوص ہے تو جس وقت شیطان اپنی فوج لے کر نکلے گا تو ہم اس مبارک ذات کے اسوہ کی پیروی کریں گے جس نے ہزاروں غرقِ آہن جنگجوؤں کے سامنے تین سو تیرہ بے سر و سامان لا کھڑے کئے تھے۔ اور اللہ تعالیٰ نے انھیں کے ذریعہ سے حق کا بول بالا کیا تھا۔ (دعوتِ اسلامی)
- تمام راستوں میں ایک حق ہی کا راستہ ایسا راستہ ہے جس میں ناکامیابی کا کوئی سوال نہیں۔ اس میں اول قدم بھی منزل ہے اور آخری بھی۔ ناکامی کا اس کوچہ میں گذر نہیں ہے۔ اس راہ کو جان لینے اور اس پر چلنے کا عزم راسخ کر لینے کی ضرورت ہے۔ پھر اگر تیز سواری مل جائے تو بہا۔ یہ نہ سہی تو چھکڑے ملیں گے۔ انھیں سے سفر ہو گا۔ یہ بھی نہیں تو دو پاؤں موجود ہیں ان سے چلیں گے۔ پاؤں بھی نہ رہیں تو آنکھیں تو ہیں ان سے نشانِ منزل دیکھ لیں گے۔ آنکھیں بھی اگر بے نور ہو جائیں تو دل کی آنکھ تو ہے جس کی بصارت کو کوئی سلب نہیں کر سکتا۔ بشرطیکہ ایمان موجود ہو۔ (دعوتِ اسلامی)

اگرچہ بت ہیں جماعت کی آستینوں میں — مجھے ہے حکمِ اذاں لا الٰہ الا اللہ (اقبال)

ہم اپنا مقصدِ تخلیق اکثر بھول جاتے ہیں پلٹ جاتا ہے جب اندیشۂ سود و زیاں ہم سے (احقر)

بشارت ہی بشارت

(قرآن کی روشنی میں)

- کتنی ہی چھوٹی جماعتیں بڑی جماعتوں پر اللہ کے حکم سے غالب ہوئی ہیں (بقرہ)
- نہ سست پڑو اور نہ غمگین ہو۔ تم ہی اونچے رہو گے بشرطیکہ تم مومن ہو۔ (آل عمران)
- یقیناً زمین کے وارث میرے صالح بندے ہوں گے۔ (انبیاء)
- اللہ ان لوگوں کی ضرور مدد کرتا ہے جو اس (کے دین) کی مدد کرتے ہیں۔ (حج)
- جو خدا ترسی کی روش اختیار کرتا ہے خدا اس کے کام میں اس کے لئے آسانی فراہم کر دیتا ہے۔ (طلاق)
- سن رکھو! اللہ کی پارٹی ہی غالب رہنے والی ہے۔ (مائدہ)
- اللہ تعالیٰ تم میں سے ان لوگوں سے، جو ایمان لائے اور جنہوں نے اچھے عمل کئے۔ یہ وعدہ ہے کہ وہ انھیں زمین میں اقتدار عطا فرمائے گا۔ جیسا کہ تم سے پہلے کے لوگوں کے معاملے میں وہ ایسا کرتا رہا ہے، اور ان کے لئے ان کے اس دین کی جڑیں گہری جما دے گا جسے ان کے لئے اس نے پسند فرمایا ہے اور ان کے خوف کو امن و سلامتی سے بدل دے گا۔ (نور)

دو کردار

★

سلیمانؑ داؤدؑ کے قائم مقام ہوئے اور کہنے لگے لوگو! ہمیں خدا کی طرف سے جانوروں کی بولی سکھائی گئی ہے ۔ اور ہر چیز عنایت فرمائی گئی ہے ۔ بے شک اس کا یہ صریح فضل ہے ۔ اور سلیمانؑ کے لئے جنوں اور انسانوں اور پرندوں کے لشکر جمع کئے گئے ۔ یہاں تک کہ جب چیونٹیوں کے میدان میں پہونچے تو ایک چیونٹی نے کہا کہ اے چیونٹیوں اپنے اپنے بلوں میں داخل ہو جاؤ ایسا نہ ہو کہ سلیمان اور اس کے لشکر تم کو کچل ڈالیں اور ان کو خبر بھی نہ ہو ۔ تو وہ اس کی بات سنکر ہنس پڑے ۔ اور کہنے لگے کہ اے پروردگار! مجھے توفیق عطا فرما کہ جو احسان تو نے مجھ پر اور میرے ماں باپ پر کئے ہیں ان کا شکر کروں ۔ اور ایسے نیک کام کروں کہ تو اس سے خوش ہو جائے اور مجھے اپنی رحمت سے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما ۔ (نمل)

★

قارون موسےؑ کی قوم میں سے تھا ۔ ــــ اور ہم نے اس کو اتنے خزانے دیئے تھے کہ ان کی کنجیاں ایک طاقتور جماعت کو اٹھانی مشکل ہوتیں ۔ جب اس سے اس کی قوم نے کہا کہ اِترا ؤمت کہ خدا اِترانے والوں کو پسند نہیں کرتا اور جو مال تم کو خدا نے عطا فرمایا ہے ۔ اس سے آخرت کی بھلائی طلب کرو ۔ ــــ اور جیسی خدا نے تم سے بھلائی کی ہے ویسی تم بھی لوگوں سے بھلائی کرو ــــ تو وہ بولا کہ یہ مال مجھے میری دانش کے زور سے ملا ہے ــــ پس ہم نے قارون کو زمین میں دھنسا دیا ۔ (قصص)

یہ پیام دے گئی ہے مجھے بادِ صبح گاہی
کہ خودی کے عارفوں کا ہے مقام پادشاہی

بد کی صحبت میں مت بیٹھو بد کا ہے انجام بُرا
بد نہ بنے تو بد کہلائے برا اچھا بدنام بُرا

قارون ہلاک شد کہ چہل خانہ گنج داشت ، نوشیرواں نمرد کہ نامِ نکو گذاشت (سعدیؒ)

اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے رسولؐ پر رحمت بھیجتے ہیں اے ایمان والو! اس پر رحمت اور سلام بھیجو (احزاب)

درود و سلام

شفیعِ محشر، قسیمِ کوثر درود تم پر سلام تم پر
ہمارے ہادی، ہمارے رہبر درود تم پر سلام تم پر
کمالِ انساں، جمالِ قرآں کتابِ ناطق، رسولِ صادق
نبی خاتم، حبیبِ داور درود تم پر سلام تم پر
کرم کی یہ شان یہ نوازش جنہوں نے کی پتھروں کی بارش
دیئے انھیں کو یقیں کے گوہر درود تم پر سلام تم پر
پیامِ امن و سلام لائے مکمل اکمل نظام لائے
حیات کا جاگ اٹھا مقدر درود تم پر سلام تم پر
سبق مساوات کا پڑھا کر غرورِ نسل و وطن مٹا کر
بدل دیئے زندگی کے تیور، درود تم پر سلام تم پر
نہ عشرت و عیش کی تمنا نہ عزّ و جاہِ جہاں کا سودا
تمہارے غم پر یہ سب نچھاور درود تم پر سلام تم پر
محمد احمد، حمید حامد، شہیر شاہد، سعید زاہد
نذیر، منذر، مطہر اطہر درود تم پر سلام تم پر

(ابوالمجاہد زاہد)

جس شخص نے احتکار (ضرورت کی اشیاء کو روک کر زیادہ قیمت پر بیچنا) کیا تو وہ گنہگار ہے۔ (حدیث)

ہبہ (کوئی عطیہ دے کر واپس لینا) کرکے واپس لینے والا اس کتے کی طرح ہے جو قے کرے اور پھر قے کھالے (حدیث)

جو یہ چاہتا ہے کہ اس کے رزق میں کشائش ہو اُسے چاہئے کہ صلہ رحمی کرے (یعنی مستحق لوگوں کی امداد کرے) (حدیث)

کتابِ ملتِ بیضا کی پھر شیرازہ بندی ہے یہ شاخِ ہاشمی کرنے کو ہے پھر برگ و بر پیدا (اقبال)

لوگوں سے سوال نہ کرو اگرچہ وہ تمہارا اگرا ہوا کوڑا ہی کیوں نہ ہو (حدیث)

تار کا پتہ :- دعوت دہلی

ٹیلیفون نمبر ۲۲۶۴۵۲

تحریک اقامتِ دین کا داعی و نقیب

روزنامہ

"دعوت"

دہلی

اخلاقی گراوٹ، سماجی انتشار، لوٹ کھسوٹ اور ظلم و جہالت کے نیچے دبی ہوئی انسانیت ایک معتدل اور متوازن نظامِ حیات کی متلاشی ہے۔

وہ نظامِ حیات اسلام کی شکل میں ہمیشہ موجود رہا ہے

"دعوت" فرقہ واریت، طبقہ واریت اور قوم پرستی کی لعنتوں سے نجات کا مژدہ سناتا ہے

"دعوت" زندگی اور اس کے مسائل کو ایک مومن کی نظر سے دیکھتا اور ان کا حل پیش کرتا ہے

"دعوت" میں روزانہ کی اہم خبروں کے علاوہ مفید معلوماتی مضامین، تبصرے، نظمیں، غزلیں مقالے، خاکے، افسانے اور غیر ممالک سے متعلق دلچسپ اور مفید مضامین شائع ہوتے ہیں۔

قیمت

سالانہ ۳۶ روپے
ششماہی ۱۸ روپے

سہ روزہ ایڈیشن ۱۶ روپے سالانہ

سہ ماہی ۹ روپے ۵۰ نئے پیسے
فی پرچہ ۱۰ نئے پیسے

پتہ

منیجر روزنامہ "دعوت" ۱۵۲۵، سوئی والان، دہلی ۶

خدا کے پاک بندوں کو حکومت میں غلامی میں ٭ زرہ کوئی اگر محفوظ رکھتی ہے تو استغنا (اقبال)

اللہ کا ڈر سب ڈروں سے نجات دیتا ہے

جماعت اسلامی ہند کا ترجمان
ماھنامہ
زندگی
زرِ سالانہ پانچ روپے
پتہ
مینیجر زندگی رام پور یو۔پی

سلام

رہنمائے اِنس و جاں تجھ پر سلام
اے امیرِ کارواں تجھ پر سلام

آفتابِ معرفت دانائے راز
اے عظیم و بیکراں تجھ پر سلام

تجھ پہ قرباں میری جانِ مضطرب
اے سکونِ قلب و جاں تجھ پر سلام

ہو گیا سرسبز باغِ زندگی
اے بہارِ جاوداں تجھ پر سلام

مضطرب ہو کر کہا دل نے نقیب
باعثِ عشقِ نہاں تجھ پر سلام

(سمیع اللہ خاں نقیب)

راستے کا حق

- آنکھوں کا نیچا رکھنا۔
- تکلیف رسانی سے باز رہنا
- سلام کا جواب دینا۔
- اچھی بات کی ترغیب دینا
- بُری بات سے روکنا۔۔۔

(حدیث)

ھندی ماھنامہ
کانتی
زرِ سالانہ چار روپے
پتہ
مینیجر کانتی رام پور (یو۔پی)

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہرِ ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند (اقبال)

بچّے کی دُعا

لب پہ آتی ہے دُعا بن کے تمنّا میری
زندگی شمع کی صورت ہو خدایا میری
دُور دنیا کا مرے دَم سے اندھیرا ہو جائے
ہر جگہ میرے چمکنے سے اُجالا ہو جائے
ہو مرے دَم سے یونہی میرے وطن کی زینت
جس طرح پھول سے ہوتی ہے چمن کی زینت
زندگی ہو مری پروانے کی صورت یارب
علم کی شمع سے ہو مجھ کو محبت یارب
ہو مرا کام غریبوں کی حمایت کرنا
دردمندوں سے ضعیفوں سے محبت کرنا
میرے اللہ برائی سے بچانا مجھ کو
نیک جو راہ ہو اُس رہ پہ چلانا مجھ کو

جماعت اسلامی کا عقیدہ

ہمارا عقیدہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ ہے یعنی الٰہ صرف اللہ ہی ہے اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور محمد صلعم اللہ کے رسول ہیں۔ اس عقیدے کے پہلے جز یعنی اللہ تعالیٰ کے واحد الٰہ ہونے اور کسی دوسرے کے الٰہ نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہی اللہ ہم سب انسانوں کا معبودِ برحق اور حاکمِ تشریعی ہے جو ہمارا اور اس پوری کائنات کا خالق، پروردگار، مدبّر، مالک اور حاکمِ تکوینی ہے۔ پرستش کا مستحق اور حقیقی مطاع صرف وہی ہے اور ان میں سے کسی حیثیت میں بھی کوئی اُس کا شریک نہیں۔ اس عقیدے کے دوسرے جز یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے رسول اللہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ معبودِ برحق اور سلطانِ کائنات کی طرف سے روئے زمین پر بسنے والے تمام انسانوں کو جس آخری نبی کے ذریعہ قیامت تک کے لئے مستند ہدایت نامہ اور مکمّل ضابطۂ حیات بھیجا گیا۔ اور جسے اس ہدایت و ضابطے کے مطابق عمل کرکے ایک مکمل نمونہ قائم کرنے پر مامور کیا گیا۔ وہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں۔

> تاجر لوگ قیامت کے دن بدکار کی حیثیت سے اٹھائے جائیں گے سوائے ان تاجروں کے جنہوں نے اپنی تجارت میں تقویٰ اختیار کیا اور نیکی اختیار کی اور سچائی کے ساتھ معاملہ کیا۔
>
> (حدیث)

دوسروں کو اچھی باتیں بتانا اور خود کو بھول جانا بڑی بدنصیبی ہے۔

جماعت اسلامی کا نصب العین

ہمارا نصب العین اقامتِ دین ہے۔ جس کا حقیقی محرک رضائے الٰہی اور فلاحِ آخرت کا حصول ہے۔ "اقامتِ دین" میں لفظ دین سے مراد وہ دینِ حق ہے جسے اللہ رب العالمین اپنے تمام انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ مختلف زمانوں اور مختلف ملکوں میں بھیجتا رہا ہے اور جسے آخری اور مکمل صورت میں تمام انسانوں کی ہدایت کے لئے اپنے آخری نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ نازل فرمایا، اور جو اب دنیا میں ایک ہی مستند، محفوظ اور عنداللہ مقبول دین ہے اور جس کا نام اسلام ہے۔ یہ دین انسان کے ظاہر و باطن اور اس کی تمام انفرادی اور اجتماعی گوشوں کو محیط ہے۔ یہ دین جس طرح رضائے الٰہی اور فلاحِ آخرت کا ضامن ہے اسی طرح دنیوی مسائل کے موزوں حل کے لئے بہترین نظامِ زندگی بھی ہے۔

کبائر کیا ہیں ؟

کسی کو خدا کا شریک بنانا۔
والدین کی نافرمانی کرنا۔
قتل
جھوٹی گواہی

(حدیث)

اس دین کی "اقامت" کا مطلب یہ ہے کہ کسی تفریق و تقسیم کے بغیر اس پورے دین کی مخلصانہ پیروی کی جائے۔ اور ہر طرف سے یکسو ہو کر کی جائے۔ اور انسانی زندگی کے انفرادی و اجتماعی تمام گوشوں میں اسے اس طرح جاری و نافذ کیا جائے کہ فرد کا ارتقاء، معاشرے کی تعمیر اور ریاست کی تشکیل سب کچھ اسی دین کے مطابق ہو۔

اس دین کی اقامت کا مثالی اور بہترین نمونہ وہ ہے جسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین نے قائم فرمایا۔

تو اپنی خودی کو کھو چکا ہے، کھوئی ہوئی شے کی جستجو کر (اقبال)

حدیث :- جس طرح تمہارے حقوق عورتوں پر ہیں اسی طرح عورتوں کے حقوق تم پر ہیں

مشیّتِ ایزدی

"یہ لوگ چاہتے ہیں کہ اللہ کی روشنی کو اپنی پھونکوں سے بجھا دیں۔ مگر اللہ اپنی روشنی کو مکمل کئے بغیر ماننے والا نہیں ہے، خواہ انکار کرنے والوں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔ وہ اللہ ہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دینِ حق کے ساتھ بھیجا ہے، تاکہ اسے تمام ادیان پر غالب کردے خواہ مشرکوں کو یہ کتنا ہی ناگوار ہو۔" (توبہ)

مبارکبادیاں بذریعہ تار کے اختصارات

دیوالی کے موقع پر تہہ دل سے مبارکباد قبول کیجئے	ONE
عید مبارک	TWO
سالِ نو مبارک باد	FOUR
نومولود کی آمد پر مبارکباد	SIX
جو اعزاز حاصل ہوا اس پر مبارکباد	SEVEN
ازدواجی زندگی دراز اور خوشگوار ہو	EIGHT
مبارکبادیاں	FOURTEEN
آپ کی تقریب کامیاب ہو	TWENTYONE
امتحان کی کامیابی پر مبارکباد قبول کیجئے	TWENTY THREE

نوٹ :- چھ الفاظ پر ۵ نئے پیسے اور زائد ہر لفظ پر ۲ نئے پیسے۔

سلام

سبز گنبد کے مکیں تجھ پر سلام
اے امام المرسلیں تجھ پر سلام
ہادیٔ دینِ متیں تجھ پر سلام
رحمۃ اللعالمیں تجھ پر سلام
علم و حکمت کے امیں تجھ پر سلام
محرمِ اسرارِ دیں تجھ پر سلام
سیدِ روح الامیں تجھ پر سلام
اے شہِ دنیا و دیں تجھ پر سلام
عشق کی دنیا ہے تجھ سے تابناک
اے حسینوں سے حسیں تجھ پر سلام
بھیجتا ہے اے شہِ جن و بشر
مالکِ عرشِ بریں تجھ پر سلام
اضطرابِ دل کو حاصل ہے سکون
راحتِ قلبِ حزیں تجھ پر سلام
ہو گئے مغلوب اوہام و گماں
پیکرِ سوزِ یقیں تجھ پر سلام
احقرِ عاصی بھی ہے امیدوار
اے شفیع المذنبیں تجھ پر سلام

سلام اس ذاتِ اقدس پر سلام اس مردِ کامل پر کہ جس نے ڈوبتی کشتی لگا دی لا کے ساحل پر
دگر تر ... اعظمی

جماعتِ اسلامی کا طریقِ کار

۱۔ قرآن اور سنّت جماعت کی اساس کار ہوں گی۔ دوسری ساری چیزیں ثانوی حیثیت سے صرف اس حد تک پیشِ نظر رکھی جائیں گی جس حد تک قرآن و سنّت کی رو سے اُن کی گنجائش ہو۔

۲۔ جماعت اپنے تمام کاموں میں اخلاقی حدود کی پابند رہے گی۔ اور کبھی ایسے ذرائع اور طریقے استعمال نہ کرے گی جو صداقت و دیانت کے خلاف ہوں یا جن سے فرقہ وارانہ منافرت، طبقاتی کشمکش، اور فساد فی الارض رونما ہو۔

۳۔ جماعت اپنے نصب العین کے حصول کے لئے تعمیری اور پُرامن طریقے اختیار کرے گی۔ یعنی وہ تبلیغ و تلقین اور اشاعتِ افکار کے ذریعہ ذہنوں اور سیرتوں کی اصلاح کرے گی۔ اور اس طرح ملک کی اجتماعی زندگی میں مطلوبہ صالح انقلاب لانے کے لئے رائے عامّہ کی تربیت کرے گی۔

(دستور جماعت اسلامی ہند)

جماعت اسلامی ہند کی پالیسی

اختصار میں

١۔ ہماری دعوت کے مخاطب مسلم اور غیر مسلم دونوں ہی ہوں گے۔

٢۔ دعوت کا کام کسی تخصیص و امتیاز کے بغیر ہر طبقے کے لوگوں میں کیا جائے۔ ہر طبقے کے بااثر افراد کو خصوصیت سے پیش نظر رکھنا ہوگا۔

٣۔ نجاتِ اُخروی کو زندگی کے اصل مسئلہ کی حیثیت سے پیش کیا جائے۔ نظامِ باطل کی بنیادوں پر تنقید کرتے ہوئے دعوت کے بنیادی نکات توحید، آخرت، اور رسالت کو دل و دماغ میں راسخ کیا جائے۔ البتہ تقریب فہم کے لئے اسے اس حیثیت سے بھی پیش کیا جاسکتا ہے کہ یہ دعوت فلاحِ آخرت کے ضامن ہونے کے ساتھ دنیوی مسائل کے حل کے لئے بھی بہترین نظام زندگی ہے۔

٤۔ مسلمانوں میں دعوتی کام انجام دیتے وقت دعوت کے عملی تقاضوں کو بھی تفصیل و وضاحت کے ساتھ پیش کرنے کی ضرورت ہے تاکہ ان میں غیر اسلامی افکار و نظریات اور تحریکات سے اجتناب اور اسلامی زندگی کے قیام کا جذبہ ابھر سکے۔

٥۔ **بین الاقوامی مسائل**:۔ بیرونِ ملک کے وہ مسائل جن پر اظہار خیال کرنا دین وانسانیت کا تقاضا ہو۔ کسی عمومی مصیبت کے وقت عملی ہمدردی بھی کی جائے گی۔

٦۔ **ملکی مسائل**:۔ وہ مسائل جو اسلام اور اس کے تقاضوں یا مفادات پر قابل لحاظ اثر ڈالتے ہوں اُن کے سلسلے میں منصفانہ اظہارِ خیال کیا جائے گا، اور بوقتِ ضرورت رائے عامہ بھی ہموار کی جائے گی اور ہمارے نقطۂ نظر کی تائید و حمایت کرنے والے افراد و جماعتوں سے اپنے اصول کے تحت اشتراک و تعاون بھی

کیا جائے گا۔

الف۔ وہ کوشش جو مسلمانوں کے پرسنل لا پر اثر انداز ہو رہی ہیں۔

ب۔ موجودہ نظام کی مضرتیں جو ملک کے بچوں اور نوجوانوں پر بالعموم اور مسلمان بچوں اور نوجوانوں پر بالخصوص اثر انداز ہو رہی ہیں۔

۷۔ ملک کے ایسے مسائل جو شخصی یا اجتماعی آزادی خیال و ضمیر، انسانی حقوق، گروہوں اور طبقوں کے باہمی تعلقات پر اچھا یا برا اثر ڈالتے ہوں۔ اس دفعہ میں کلیت پسندانہ کوششوں کی مذمت اور جمہوریت پسندانہ کوششوں کی تائید، چھوت چھات، معاشرتی عدم مساوات، فرقہ پرستی، نسل پرستی، طبقہ واری کش مکش، کلچرل سرگرمیاں اور خاندانی منصوبہ بندی کی کوششوں کی مذمت بھی داخل ہیں۔ ترقیاتی اسکیموں کے کچھ اجزاء مثلاً رفاہ عام کے کاموں کی تائید کی جائے گی۔

۸۔ ملک میں ہونے والی ایسی کوششیں جن سے انسداد فساد، ازالۂ منکرات اور قیام معروف میں مدد ملتی ہو۔ ان کے سلسلے میں ہمارا رویہ ہمدردانہ و مؤیدانہ ہوگا فحش لٹریچر کی روک تھام بھی مراد ہے۔

۹۔ خدمت خلق۔ ہمارا یہ دینی فریضہ ہے کہ ہم عام انسانوں سے رحمت و مساوات کا رشتہ مضبوط تر کریں۔

۱۰۔ اصلاح مسلمین۔ نظم و اتحاد۔ مسلمانوں کے ضمن میں ان کی دینی تعلیم و تربیت اور ان کی اخلاقی و معاشرتی اصلاح نیز ان کے اندر اسلامی نظم و اتحاد پیدا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

جماعت اسلامی ہند ـــــ منزل بمنزل

۲۵ اگست ۱۹۴۱ء:۔ جماعت اسلامی کا قیام عمل میں آیا۔ ترجمان القرآن کی دعوت پر لاہور میں ۷۵ افراد ہندوستان کے طول و عرض سے جمع ہوئے اور مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی امیر جماعت منتخب کئے گئے۔

۱۹۴۲ء:۔ پٹھانکوٹ میں جماعت کا مرکز "دارالاسلام" قائم کیا گیا۔

۱۹۴۳ء:۔ دربھنگہ (بہار) دہلی۔ حیدرآباد (دکن) میں جماعت کے اوّلین حلقہ وار اجتماعات منعقد ہوئے۔

۱۹۴۵ء:۔ دارالاسلام پٹھان کوٹ میں پہلا کل ہند اجتماع ہوا۔

۱۹۴۶ء:۔ الٰہ آباد میں جماعت کا دوسرا کل ہند اجتماع ہوا۔

۱۹۴۷ء:۔ پٹنہ۔ مدراس، ٹونک، پٹھان کوٹ میں حلقہ وار اجتماعات منعقد ہوئے۔

۱۵ اگست ۱۹۴۷ء:۔ ملک کی تقسیم۔

اپریل ۱۹۴۸ء:۔ الٰہ آباد میں مولانا ابواللیث اصلاحی ندوی جماعت اسلامی ہند کے امیر منتخب ہوئے۔ مرکز سرائے میر میں قائم کیا گیا۔

جولائی ″ مرکز ملیح آباد منتقل ہوا۔ مکتبہ قائم ہوا۔

ستمبر ″ نصاب تعلیم کی تیاری۔

یکم جنوری ۱۹۴۹ء:۔ ابتدائی درس گاہ کا قیام ملیح آباد میں۔

ستمبر ″ :۔ مرکز اور درس گاہ رام پور منتقل ہوا۔

اپریل ۱۹۵۱ء:۔ پہلا کل ہند اجتماع رام پور میں۔

۱۹۵۲ء:۔ دوسرا کل ہند اجتماع حیدرآباد میں۔

جو لوگ خدا اور اس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ نہایت ذلیل ہونگے (الحشر)

سنہ ۱۹۵۳ء:۔ امیر جماعت مع دو رفقاء گرفتار۔

سنہ ۱۹۵۴ء:۔ قائم مقام امیر جماعت مع دو رفقاء گرفتار۔ سید عبد القادر صاحب اور اس کے بعد سید حامد حسین صاحب امیر جماعت منتخب۔

سنہ ۱۹۵۴ء:۔ رہائی۔ مولانا ابو اللیث اصلاحی ندوی نے امارت کا عہدہ سنبھال لیا۔

سنہ ۱۹۵۵ء:۔ دستوریہ کی تشکیل۔

اپریل سنہ ۱۹۵۶ء:۔ نئے دستور کا نفاذ۔ چہار سالہ میقاتی پروگرام۔ مجلس نمائندگان کا پہلا اجلاس رام پور میں۔

سنہ ۱۹۵۶ء:۔ مولانا ابو اللیث اصلاحی ندوی امیر جماعت منتخب۔

سنہ ۱۹۵۸ء:۔ منطقے کے اجتماعات منعقد ہوئے۔

سنہ ۱۹۵۹ء:۔ پالیسی پر نظر ثانی کے لئے کمیٹی کی تشکیل۔

سنہ ۱۹۶۰ء:۔ مرکزی مکتبہ دہلی منتقل ہوا۔

جولائی سنہ ۱۹۶۰ء:۔ ایک وسیع الاطراف پالیسی منظور کی گئی۔

سنہ ۱۹۶۰ء:۔ مجلس نمائندگان کا دوسرا اجلاس رام پور میں۔

" مولانا ابو اللیث اصلاحی ندوی امیر جماعت منتخب۔

" سہ روزہ اخبار "دعوت" روزنامہ کیا گیا۔

" مرکز دہلی منتقل ہوا۔

" جدید میقاتی پروگرام۔

نومبر " تیسرا کل ہند اجتماع دہلی میں منعقد ہوا۔

(مفصل معلومات حاصل کرنے کے لئے "روداد دوں" کا مطالعہ کیجئے)

جفائے دوست کی لذت کو غیر کیا جانے : نثار کرم کہ جو مجھ کو امتحاں کے لئے (نصر اللہ خاں عزیز)

جماعت کی تنظیم

۱ــ (۱) مجلسِ نمائندگان (۲) امیرِ جماعت (۳) مجلسِ شوریٰ (۴) قیم جماعت

۲ــ حلقہ جات :- (۱) بنگال وآسام (۲) شمالی بہار (۳) جنوبی بہار۔ اڑیسہ (۴) مشرقی یو۔پی (۵) لکھنؤ (۶) کان پور۔ الہ آباد (۷) رام پور (۸) دہلی (۹) راجستھان (۱۰) بمبئی (۱۱) بھوپال (۱۲) حیدرآباد (۱۳) اورنگ آباد (۱۴) آندھرا (۱۵) میسور (۱۶) مدراس (۱۷) کیرلا (۱۸) مرکز۔

۳ــ مرکزی شعبہ جات :- (۱) شعبۂ تنظیم (۲) شعبۂ تصنیف وتالیف (۳) شعبۂ روزنامہ دعوت (۴) شعبۂ ماہنامہ زندگی وکانتی (۵) شعبۂ مرکزی مکتبہ۔ (۶) شعبۂ ابتدائی درس گاہ (۷) دارالاشاعتیں۔

۴ــ
- حلقہ ہائے متفقین ـــــ ۲۳۵
- تعداد مقامی جماعت ـــــ ۱۶۷
- تعداد امیدوار رکنیت ـــــ ۳۰۰
- تعداد ارکان ـــــ ۹۸۱

اہلِ نظر عبرت حاصل کرو (قرآن کریم)

دہلی کے تاریخی مقامات و جدید نشانات

سنہری مسجد
جامع مسجد شاہجہانی
لال قلعہ
قطب مینار
مقبرہ ہمایوں
مقبرہ صفدر جنگ
مقبرہ خانخاناں
پرانا قلعہ
مقبرہ التمش
زینت المساجد

پرانی دہلی کا مشہور بازار چاندنی چوک

گندھک والی باؤلی
اولیا مسجد
قدسیہ مسجد
جامع مسجد نئی دہلی
ثمن برج
حوض خاص
بھول بھلیاں
چونسٹھ کھمبا
جمنا برج
فیروز شاہ کوٹلہ

نئی دہلی کا نظر فریب رنگین بازار کناٹ پلیس

درگاہ حضرت خواجہ بختیار کاکی رحمتہ اللہ علیہ (مہرولی)
درگاہ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ (نظام الدین)
مقبرہ حضرت مولانا ابوالکلام آزاد (نزد جامع مسجد شاہجہانی)

انڈیا گیٹ
یوجنا بھون
کرشی بھون
اُدیوگ بھون
وگیان بھون

راج گھاٹ
پارلیمنٹ ہاؤس
راشٹرپتی بھون
سنٹرل سکریٹریٹ
چڑیا گھر

جنتر منتر
آل انڈیا ریڈیو اسٹیشن
جامعہ ملیہ اسلامیہ
اوکھلہ واٹر ورکس
پالم ہوائی اڈہ

پوشیدہ تری خاک میں سجدوں کے نشاں ہیں ۔ خاموش اذانیں ہیں تری بادِ سحر میں (اقبال)

سارے انسان آدم کی اولاد ہیں (حدیث)

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم —— ایک نگاہ میں

تاریخ اور واقعات

تاریخ	واقعہ
۵۷۱ء	پیدائش
۷۶-۵۷۵ء	بی بی آمنہ کی وفات
۵۷۸ء	دادا عبدالمطلب کی وفات
۵۸۵ء	فجار کی لڑائی
۵۸۵ء	حلف الفضول
۵۹۵ء	شام کا تجارتی سفر
۵۹۵ء	حضرت خدیجہؓ سے نکاح
۶؍اگست ۶۱۰ء	نبوت
	طائف کا سفر
۶۱۵ء	حبش کی ہجرت
۶۲۰ء	چچا ابوطالب کی وفات
۶۲۰ء	حضرت خدیجہؓ کی وفات
۶۲۱ء	مدینہ میں اسلام
۶۲۲ء	ہجرت
۲۰؍ستمبر ۶۲۲ء	قبا میں ورود
۲۴؍ ۶۲۲ء	مدینہ میں
	یہودِ مدینہ سے معاہدہ

تاریخ	واقعہ
۱۳؍مارچ ۶۲۴ء	غزوۂ بدر
۶۲۵ء	غزوۂ اُحد
مئی ۶۲۵ء	بئر معونہ کا حادثہ
جون ۶۲۵ء	بنو نضیر کا محاصرہ
فروری ۶۲۷ء	غزوۂ خندق
۶۲۷ء	قریظہ کی بدعہدی
فروری ۶۲۸ء	صلح حدیبیہ
۶۲۸ء	بیعت رضوان
۶۲۸ء	فتح خیبر
جمادی الاولیٰ ۸ھ	موتہ کی لڑائی کیلئے فوج کی روانگی
یکم جنوری ۶۳۰ء	فتح مکہ کے لئے روانگی
۲۸؍ ۶۳۰ء	غزوۂ حنین کے لئے روانگی
فروری ۶۳۰ء	فتح حنین
اکتوبر ۶۳۰ء	غزوۂ تبوک کے لئے روانگی
جون ۶۳۱ء	آپؐ کے صاحبزادے ابراہیم کی وفات
ذی الحجہ ۱۰ھ	حجۃ الوداع
۱۲؍ربیع الاول ۱۱ھ ۸؍جون ۶۳۲ء	وفات

پھر زمانے کو سکھائینگے ترا طرزِ حیات ÷ تجھ سے کرتے ہیں یہ اقرار رسولِ عربی (شبنم سبحانی)

سو تم جتنا قرآن آسانی سے پڑھ سکو پڑھ لیا کرو (قرآن کریم)

ہندوستان میں قرآن کے ترجمے

نمبر	مترجم	سال	زبان	نمبر	مترجم	سال	زبان
۱	ملا حسین واعظ کاشفی	سنہ ۸۹۷ھ	فارسی	۱۵	خواجہ حسن نظامی	سنہ ۱۳۴۱ھ	اردو
۲	شاہ ولی اللہ صاحب دہلوی رح	سنہ ۱۱۵۲ھ	فارسی	۱۶	مولانا ثناء اللہ صاحب		″
۳	شاہ عبدالقادر صاحب	سنہ ۱۲۰۵ھ	اردو	۱۷	مولانا عبدالماجد دریاآبادی		″
۴	شاہ رفیع الدین صاحب	سنہ ۱۲۵۶ھ	″	۱۸	مولانا ابوالکلام آزاد		″
۵	سرسید احمد خاں صاحب	سنہ ۱۲۹۷ھ	″	۱۹	مولانا سید ابوالاعلیٰ مودودی		″
۶	مولانا عبدالحق حقانی	سنہ ۱۲۹۷ھ	″	۲۰	مولانا احمد سعید صاحب دہلوی		″
۷	ڈپٹی نذیر احمد دہلوی		″	۲۱	فتح محمد صاحب جالندھری		″
۸	مرزا حیرت دہلوی		″	۲۲	مولانا عبیداللہ سندھی	غیر مطبوعہ	عربی
۹	حافظ سید فرمان علی اثنا عشری دربھنگوی	سنہ ۱۳۲۶ھ	″	۲۳	ڈاکٹر مرزا ابوالفضل	سنہ ۱۹۱۱ء	انگریزی
۱۰	مولانا اشرف علی تھانوی رح	سنہ ۱۳۳۳ھ	″	۲۴	مولانا محمد علی لاہوری		″
۱۱	شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب	سنہ ۱۳۳۸ھ	″	۲۵	مسٹر عبداللہ یوسف علی		″
۱۲	مولانا احمد علی لاہوری (احمدی)	سنہ ۱۳۴۰ھ	″	۲۶	محمد مارماڈیوک پکتھال		″
۱۳	مولانا محمد علی لاہوری (خادم دین)	سنہ ۱۳۴۰ھ	″	۲۷	مولانا عبدالماجد دریاآبادی		″
۱۴	مولانا احمد رضا خاں صاحب بریلوی	سنہ ۱۳۴۰ھ	″	۲۸	مولانا سیماب اکبرآبادی (قرآن ایک بار طبع ہو کر ہدیہ کیا گیا)		اردو منظوم

زمانہ آج بھی قرآن ہی سے فیض پائے گا ٭ مٹے گی ظلمت شب اور سورج جگمگائے گا (ابوالمجاہد زاہد)

حدیث :- مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری دے دو۔

ناشرین کتب کے لئے مفید معلومات

سائز	اجرت کتابت فی کاپی	طباعت فی پلیٹ فی ہزار
	لیتھو	
۲۲×۱۸/۸	۸ روپے سے ۱۲ روپے تک	۶ روپے سے ۷ روپے تک
۲۲×۱۸/۴	″ ″ ″ ″	″ ″ ″ ″
۲۶×۲۰/۸	″ ″ ″ ″	″ ″ ″ ″
۳۰×۲۰/۱۶	″ ″ ″ ″	″ ″ ″ ″
۲۷×۱۷/۱۶	″ ″ ″ ″	″ ″ ″ ″
۳۶×۲۲/۱۶	۱۶ ″ ۲۴ ″	۱۰ ″ ۱۲ ″
	آفسٹ	
″ ۲۲×۱۸، ۲۶×۲۰، ۳۰×۲۰، ۲۷×۱۷	۱½ روپے سے لیکر ۲ روپے فی صفحہ نگیٹو۔ ۱۶ سے ۲۰ روپے تک اکسپوز۔ ۴ سے ۶ روپے تک	۱۰ روپے سے ۱۶ روپے تک
	بلاک	
۲۲×۱۸، ۲۶×۲۰، ۳۰×۲۰، ۲۷×۱۷	۱½ سے ۳ روپے فی صفحہ لائن بلاک ۹ نئے پیسے تا ۱۳ نئے پیسے فی مربع انچ	۶ روپے سے ۷ روپے تک (ٹائیٹل وغیرہ ۴ سے ۶ روپے تک فی کلر)

جلد سازی

مڑائی سلائی
۸عہ فی فرمہ فی ہزار
جز بندی سلائی
۳ روپے فی فرمہ فی ہزار

یہ معلومات محض اس لئے فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ ناشرین کتب کو تخمینہ لگانے میں سہولت ہو۔ ورنہ ظاہر ہے نرخ اور اجرت کے معاملات کاتبوں، پریس مالکوں اور جلد سازوں سے ہی براہ راست گفتگو کرکے طے کئے جا سکتے ہیں

آج بھی ہو جو براہیمؑ کا ایماں پیدا ۔ آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا (اقبال)

قرآن کو آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کر پڑھا کرو (قرآن کریم)

قرآنِ مجید اعداد و شمار میں

۱- پارے	۳۰
۲- رکوع	۵۴۰
۳- سورتیں	۱۱۴
الف۔ مکی	۸۷
ب۔ مدنی	۲۷
۴- کلمات	۸۶۴۳۰
۵- حروف	۲۱۲۶۷۰

الف	۴۸۸۷۲	س	۵۸۹۱
ب	۱۱۴۲۸	ش	۱۲۵۳
ت	۱۱۹۹	ص	۲۰۱۳
ث	۱۲۷۶	ض	۱۶۰۷
ج	۳۲۷۳	ط	۱۲۷۴
ح	۹۷۳	ظ	۸۴۲
خ	۲۴۱۶	ع	۹۲۲۰۰
د	۵۶۴۲	غ	۲۲۰۸
ذ	۴۶۹۷	ف	۸۴۹۹
ر	۱۱۷۹۳	ق	۶۸۱۲
ز	۱۵۹۰	ک	۹۵۲۲

ل	۳۴۲۲	ہ	۱۹۰۷۰
م	۲۶۵۳۵	لا	۳۷۲۰
ن	۲۶۵۶۰	ی	۲۵۹۱۹
و	۲۵۵۳۶		

۶- نقطے	۱۰۵۶۸۴
۷- اعراب	۱۰۴۶۳۳

زبر	۵۳۲۲۳	مد	۱۷۷۱
پیش	۸۸۰۴	تشدید	۱۲۵۳
زیر	۳۹۵۸۲		

۸- سجدہ اتفاقی	۱۴
سجدہ اختلافی	۱۵
۹- وعید	۱۰۰۱
امر و نہی	۱۰۰۱
امثال	۱۰۰۰
قصص	۱۰۰۰
حلال وحرام	۵۰۰
تسبیحات	۱۰۰

ہزاروں رحمتیں لے کر "ہُدًی لِّلْمُتَّقِیْن" آیا ؛ خدا کا آخری پیغامِ "قرآنِ مبین" آیا (ابوالمجاہد زاہد)

موت سے پہلے موت کی تیاری میں مشغول رہنا سب سے بڑی عقلمندی ہے۔

مفید نسخے

• شہد میں شفا ہے۔

• جامن کی گٹھلی ساڑھے چار تولہ پیس کر اس کے برابر مصری ملا کر صبح و شام ڈیڑھ تولہ پانی سے کھائیں پیچش ختم ہو جائے گی۔

• سمندر جھاگ ایک تولہ، مصری ایک تولہ، دونوں کو باریک پیس کر سرمہ بنائیں اور استعمال کریں۔ ناخونہ جاتا رہے گا۔

• کالے اُڑد کی دال کو دوپہر میں بھگو دیں اور شام کو اسی پانی میں پیس کر گھی ملا کر آگ پر ایک جوش دے کر ٹھنڈا کر کے پی لیں۔ کم از کم ایک ہفتہ متواتر، یہ قوت کی دوا ہے۔

• انڈے کی زردی کا تیل، روغن چنبیلی میں ملا کر بالوں پر لگا کریں بال خوش رنگ دراز اور موٹے ہو جائیں گے۔

دین کی نو ۹ باتیں

• کھلے اور چھپے ہر حال میں خدا سے ڈرتا رہوں۔

• خوشی اور ناخوشی دونوں حالتوں میں انصاف کی بات کہوں۔

• امیری اور غریبی دونوں حالتوں میں اعتدال پر قائم رہوں۔

• اور یہ کہ جو مجھ سے کٹے میں اس سے جڑوں۔

• اور جو مجھے محروم کرے میں اسے دوں۔

• اور جو مجھ پر زیادتی کرے میں اسے معاف کر دوں۔

• اور یہ کہ میری خاموشی تفکر کی خاموشی ہو۔

• اور میری گفتگو ذکرِ الٰہی کی گفتگو ہو۔

• اور میری نگاہ عبرت کی نگاہ ہو۔

(حدیث)

دینی تعلیم

• دینی تعلیم کا مسئلہ وقت کا ایک بڑا اہم مسئلہ ہے۔

• ہر مکتب خیال کے مسلمانوں کا آج یہ ایک اہم فریضہ ہے کہ دینی تعلیم کو فروغ دینے کے لئے تعاون و اشتراک سے کام کریں۔

• اپنے ملک کے ہر ہر صوبے میں دینی تعلیمی کونسل قائم کر کے اپنی زندگی کا ثبوت دیجئے۔

• یو۔پی۔ بہار اور راجستھان میں دینی تعلیمی کونسل کا قیام عمل میں آچکا ہے

⁂ ⁂ ⁂ ⁂ ⁂

بچوں کیلئے ہم نے بھی درسی کتابیں تیار کی ہیں۔ فہرست کتب اور ہماری درسیات طلب فرمائیے۔ (منیجر مکتبہ)

نئی تہذیب تکلف کے سوا کچھ بھی نہیں ٭ چہرہ روشن ہو تو کیا حاجتِ گلگونہ فروش (اقبال)

دعائیں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ۔

اے اللہ! میں فکروغم، درماندگی وسستی سے، بخل وبزدلی سے، قرض کے بارسے اور لوگوں کے دباؤ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ قَلْبٍ لَّا يَخْشَعُ وَنَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَعِلْمٍ لَّا يَنْفَعُ وَدَعْوَةٍ لَّا يُسْتَجَابُ بِهَا۔

اے اللہ! میں بے حضور دل سے، بے صبر نفس سے، بے سود علم سے، اور نامقبول دعا سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ فَاعْفُ عَنِّیْ

اے اللہ! تو درگذر کرنے والا ہے مجھ سے درگذر فرما۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قُلُوْبَنَا عَلٰی دِيْنِكَ

اے دلوں کے پھیرنے والے ہمارے دلوں کو اپنے دین پر جما دے۔

"پھر ملیں گے اگر خدا لایا"

وَآخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

قیمت:۔ ۵۰ نئے پیسے

کوہ نور پریس لال کنواں دہلی

انسان کو بے شمار مسائل نے چاروں طرف سے گھیر رکھا ہے
یہ مسائل کیسے پیدا ہوتے ہیں؟
ان کا صحیح حل کیا ہے؟

اور

اس حل کو انسان نے کیوں چھوڑ رکھا ہے؟

ان سوالات کا جواب
مولانا سیّد جلال الدین عمری کے قلم سے

"انسان اور اس کے مسائل"

میں دیکھئے
آپ اس کتاب میں اپنے الجھے ہوئے مسائل کا حل پائیں گے

قیمت ـــــ ایک روپیہ

پتہ
مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی ہند سوئی والان۔ دہلی ۶